پیغام



جناب آصف علی زرداری

صدر
اسلامی جمہوریہ پاکستان

یہ بات میرے لئے باعثِ مسرت ہے کہ کراچی جو پاکستان کا معاشی حب ہے میں "رائزنگ کراچی" کا آغاز ہوگیا ہے جس کے ذریعے فری فون کال سروس کے تحت کراچی کے شہری معلومات حاصل کرسکتے ہیں اور یہ اُس شہر کے لئے ہے جو منفرد خصوصیات کا حامل ہے اور اسی کے تحت دنیا کے تمام شہروں کی طرح جدید سہولیات سے آراستہ کیا جانا چاہیئے۔

رائزنگ کراچی پروگرام کے تحت ہیلتھ، ایجوکیشن، ٹریفک منیجمنٹ، ترقیاتی پروجیکٹس، فیومیگیشن کمپینز اور کراچی میں ہونے والے دیگر ایونٹس کی بابت معلومات اور پیغامات اب براہِ راست استعمال کنندہ کو انکے موبائل فون پر باسہولت طریقے سے سنگل ایس ایم ایس کے ذریعے بھیجے جاسکتے ہیں۔

یہاں اس بات کی ضرورت ہے کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے جدید طریقۂ کار کو استعمال کرتے ہوئے لوگوں کو ذی حس بنانے کے لئے معلومات تک رسائی فراہم کی جائے۔

رائزنگ کراچی پروگرام کا آغاز ایک ایسا بروقت اقدام ہے تاکہ حکومتی کارکردگی نئے یا موجودہ پروجیکٹس کے حوالے سے تمام معلومات براہِ راست مستفید ہونے والوں تک پہنچ سکیں تاکہ اس دوطرفہ کمیونیکیشن سے پروگرام کی مکمل آگاہی ہوسکے۔

میں ایک بار پھر گورنر سندھ اور اہلیانِ کراچی کو "رائزنگ کراچی" جیسے پروگرام کے آغاز پر مبارک باد پیش کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ وہ اس سہولت سے بھرپور فائدہ اٹھائینگے۔

(آصف علی زرداری)

صدر
اسلامی جمہوریہ پاکستان